ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

# پاکستان کے دورہ ویسٹ انڈیز کا شیڈول جاری کر دیا گیا

**لاہور، 14 مئی 2021ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ تصدیق کرتا ہے کہ قومی کرکٹ ٹیم 21 جولائی سے 24 اگست تک ویسٹ انڈیز کا دورہ کا کرے گی، جہاں دونوں ٹیمیں 2 ٹیسٹ اور 5 ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز میں مدمقابل آئیں گی۔

دونوں بورڈز کی باہمی مشاورت کے بعد منظور شدہ شیڈول کے مطابق قومی کرکٹ ٹیم انگلینڈ کے خلاف ون ڈے اور ٹی ٹونٹی سیریز کھیلنے کے بعد 21 جولائی کو ویسٹ انڈیز پہنچے گی۔

شیڈول کے مطابق دونوں ٹیموں کے مابین ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل سیریز کے تمام 5 میچز دو مختلف وینیوز بارباڈوس اور گیانا میں کھیلے جائیں گے۔ ابتدائی 2 ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز 27 اور 28 جولائی کو بارباڈوس جبکہ باقی تینوں ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز 31 جولائی، یکم اور 3 اگست کو گیانا میں کھیلے جائیں گے۔

ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز کی سیریز مکمل کرنے کے بعد قومی اسکواڈ 6 سے 7 اگست تک گیانا میں دوروزہ پریکٹس میچ کھیلے گا، جس کے بعد اسکواڈ جمیکا روانہ ہوجائے گا، جہاں دونوں ٹیموں کے مابین 2 ٹیسٹ میچز پر مشتمل سیریز کھیلی جائے گی۔ سبینا پارک میں شیڈول سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ 12 سے 16 اگست جبکہ دوسرا 20 سے 24 اگست تک کھیلا جائے گا۔

**وسیم خان، چیف ایگزیکٹو پی سی بی:**

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیف ایگزیکٹو وسیم خان کا کہنا ہے کہ قومی کرکٹ ٹیم کا دورہ ویسٹ انڈیز ہمیشہ قابل قدر اور بہت اہمیت کا حامل ہوتا ہے، کیریبین کرکٹ کی تاریخ ہے کہ وہاں کھیلوں کی بہترین سہولیات اور حوصلہ افزائی کرنے والے شائقین کرکٹ کی موجودگی تمام کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے بھرپور اظہار کی ترغیب دیتی ہے۔

چیف ایگزیکٹو پی سی بی کا کہنا ہے کہ کرکٹ ویسٹ انڈیز کی مشاورت اور آئی سی سی ٹی ٹونٹی کرکٹ ورلڈکپ کی آمد کے پیش نظر ہم نے ابتدائی طور پر سیریز میں شامل 1 ٹیسٹ میچ کی جگہ 2 ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچز شامل کرنے پر اتفاق کیا ہے، اس اقدام سے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کو مزید بہتر انداز سے میگا ایونٹ کی تیاری کرنے میں معاونت ملے گی۔

انہوں نے کہا کہ ویسٹ انڈیز کے خلاف یہ سیریز پاکستان کرکٹ کے ایکشن پیک سیزن کا حصہ ہے، آئندہ 8 ماہ کے دوران اس ایکشن پیک سیزن میں پاکستان کو نیوزی لینڈ، انگلینڈ، ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا کی میزبانی کرنے کے علاوہ انگلینڈ، افغانستان اور بنگلہ دیش کے خلاف اوئے سیریز بھی کھیلنی ہے، اسی دوران قومی کرکٹ ٹیم آئی سی سی ٹی ٹونٹی کرکٹ ورلڈکپ میں بھی شرکت کرے گی۔

انہوں نے مزید کہا کہ آئندہ آنے والی ہر سیریز ہمارے لیے بہت اہم ہے کیونکہ ہم 2023 تک اپنی ٹیم کو ہر طرز کی کرکٹ میں ٹاپ تھری پوزیشنز پر دیکھنا چاہتے ہیں۔

پاکستان نے آخری مرتبہ 2017 میں ویسٹ انڈیز کا دورہ کیا تھا، جہاں مہمان ٹیم نے پہلی مرتبہ 1-2 سے ٹیسٹ سیریز جیت کر اس وقت ٹیم میں موجود سینئر ترین کھلاڑیوں مصباح الحق اور یونس خان کو بہترین فیئر ویل دی تھی ۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ وہ دونوں کھلاڑی اب بحثیت کوچ قومی کرکٹ ٹیم کے ہمراہ ویسٹ انڈیز کا دورہ کریں گے۔ مصباح الحق بطور ہیڈ کوچ اور یونس خان بطور بیٹنگ کوچ قومی اسکواڈ کا حصہ ہوں گے۔

کیریبئن سرزمین پر یہ دونوں ٹیموں کے درمیان مجموعی طور پر نویں ٹیسٹ سیریز ہوگی، جہاں 4 مرتبہ کامیابی میزبان ٹیم اور ایک مرتبہ مہمان ٹیم کے نام رہی۔ سبینا پارک میں دونوں ٹیموں کا ٹیسٹ ریکارڈ 2-2 سے برابر ہے۔ یہاں کھیلے گئے چار ٹیسٹ میچز میں سے 2 میں پاکستان اور 2 میں ویسٹ انڈیز نے فتح اپنے نام کی۔

ویسٹ انڈیز میں کھیلی گئی اب تک تین ٹی ٹونٹی سیریز میں پاکستان کو 1-2 سے سبقت حاصل ہے۔

**شیڈول:**

21 جولائی: قومی اسکواڈ بارباڈوس پہنچے گا
27 جولائی: پہلا ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ بمقام بارباڈوس
28 جولائی: دوسرا ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ بمقام بارباڈوس
31 جولائی: تیسرا ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ بمقام گیانا
یکم اگست: چوتھا ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ بمقام گیانا
3 اگست: پانچواں ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل میچ بمقام گیانا
6 تا 7 اگست: 2 روزہ پریکٹس میچ بمقام گیانا
12 تا 16 اگست: پہلا ٹیسٹ میچ بمقام جمیکا
20 تا 24 اگست: دوسرا ٹیسٹ میچ بمقام جمیکا
25 اگست: قومی اسکواڈ کی وطن واپسی

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

**ABOUT THE PCB**

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.




National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4